بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

बिहार राज्य मदरसा शिक्षा बोर्ड, पटना

Bihar State Madrasa Education Board

5, Vidyapati Marg Patna-800001

وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2023 کے فارم کی تاریخ میں 20 مارچ تک تاخیری فیس کے ساتھ توسیع

وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2023 کا انعقاد مئی کے پہلے ہفتے میں: عبدالسلام انصاری چیئرمین مدرسہ بورڈ

پٹنہ مورخہ یکم مارچ 2023ء

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے بحکم چیئرمین جناب عبدالسلام انصاری صاحب اطلاع دی ہے کہ درجہ وسطانیہ ایویلیوشن فارم بھرنے کی تاریخ 28 فروری کو ختم ہوگئی۔ چیئرمین مدرسہ بورڈ نے مدارس کے ذمہ داران اور طلبا و طالبات، مدارس کے متعلق تنظیم کے ذریعہ کی گئی گذارش پر نظر ثانی کرتے ہوئے وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2023 کا فارم پر کرنے کی تاریخ میں تاخیری فیس کے ساتھ 20 مارچ 2023 تک توسیع کرنے کی اجازت دی ہے۔

چیئرمین محترم کی ہدایت کی روشنی میں ڈاکٹر محمد نور اسلام نے تمام ملحقہ مدارس کے صدر المدرسین، گارجین حضرات اور ذمہ داران مدارس کو مطلع کیا ہے کہ تاخیری فیس فی امیدوار 50 روپے ادا کرنی ہوگی وہیں ڈاکٹر محمد نور اسلام کنٹرولر آف اکزامنیشن نے بتایا کہ جناب عبدالسلام انصاری، چیئرمین مدرسہ بورڈ نے حکم صادر کیا ہے کہ وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2023 مئی کے پہلے ہفتے میں منعقد کرا لئے جائیں۔ اس ضمن میں مدارس کے صدر المدرسین اور اساتذہ کرام کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وسطانیہ ایویلیوشن 2023 سے متعلق تمام تیاریاں قبل از وقت کر لیں۔

آخر میں کنٹرولر آف اکزامنیشن نے مزید کہا کہ وسطانیہ ایویلیوشن 2023 کا فارم تاخیری فیس کے ساتھ آن لائن پر کرنے میں اگر کسی طرح کی کوئی دشواری پیش آتی ہے تو متذکرہ موبائل نمبروں سے ,7004175443، 7481950766 رابطہ کر سکتے ہیں۔

01.03.2023

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ